مارچ
--
2005

اختصاریہ برائے

ماہی گیری اور ماہی بانی کے بارے میں روزگاری نقطہ نظر

دو یا اس سے کم صفات میں

اگر آپ نے ایک نظر ڈالنی ہے تو یہ پڑھیے

اداروں کے اندر کام کا ایسا ماحول اور مہارت پیدا کرو جو مچھلی کے ماہرین کے اندرایسی صلاحیت پیداکرے کہ وہ لوگوں کے روزگار کے سلسلے میں آبی وسائل کے نظم و ضبط کو سمجھ سکیں اور اس میں مدد دے سکیں، خاص طور پر غریب اور کم وسائل کے حامل لوگوں کے ۔

خلاصہ.....

بہتر پالیسی اور خدمات کی فراہمی، جویقینی طور پرغریب لوگوں کے احداف حاصل کر سکے، کا انحصارکئی بعض اوقات متصادم نظام العمل پر منحصر ہوتا ہے۔ اس کے تین اہم جز یہ ہیں: لوگوں کے روزگار کو سمجھنے اور تجزیہ کرنے کی صلاحیت، قومی تناظر کا احاطہ، اور بین الاقوامی برادری کی طرف سے مدد، جو قومی سطح کے ترقیاتی لاحہ عمل کے تقاضہ پر اصرار کرتی ہے۔

- ایشا پیسیفک میں آبی وسائل کے نظم و ضبط میں قومی یا حکومتی مدد کا زیادہ تر محور تحقیق اور تکنیک کی ترقی پر رھا ہے۔ تاہم ہم مچھلی انتظامیہ کے غربت کے خاتمہ میں‌بڑھتے ہوے اور اہم کردارکو بھی تسلیم کرتے ہیں,اور ہمیں غریب لوگوں کے روزگار میں ماہی گیری کی اہمیت کو بھی سمجھنا چاہیے۔
- ایسا کرنے کے لیے ہمیں، روزگاری نقطہ نظر و روزگاری تجزیہ کا ترقی میں کردار,کو سمجھنے کی صلاحیت بھی پیداکرنا ہو گی۔
- روزگاری تجزیہ ایک باضاطہ لیکن لچکدار طریقہ کار ہے، جو ہمیں حالات، وسائل تک رسائی، خطرات، مواقع اور پسند کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ یہ شراکتی طریقہ کار کو اپناتے ہوےآبادی کے اندر لوگوں سے یا گروہوں سے تجربات حاصل کرتا ہے۔ یہ مشکل نہیں ہے لیکن اکثر ایسے لوگوں کو شریک کار کرتا ہے جن کے لیے یہ ایک نیا کام ہوتا ہے۔
- روزگاری نقطہ نظر، لوگوں کی پسند جب وہ کچھ منتخب کرتے ہیں، وہ وسائل جو ان کے دائرہ قدرت میں ہوسکتے ہیں، اور وہ حالات جن میں وہ اپنےروزگار سے جڑے ہوے ہوتے ہیں کا احاطہ کرتا ہے۔ اس میں‌ترجیحات مقرر کرتے وقت آبی وسائل کے نظم و ضبط کی بجائے لوگوں کو مرکز بنایا جاتا ہے۔ - یہ آبی وسائل کے نظم و ضبط میں ہمارے محور کو وسیع کرنے میں مدد دیتا ہے اور صرف ماہی بانی یا ماہی گیری یا کھتی باڑی پر مرکوز نہیں رکھتا، اور اس طرح ہماری ترجیحات کو صرف ایک ذیلی شعبہ تک محدود نیں کرتا اورخاص طور پر جب ہم جانتے ہیں کہ لوگوں کی زندگیاں پچیدہ ہوتی ہیں۔ ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ وہ لوگ جن کے روزگار کو خطرات لاحق ہوتے ہیں وہ روزگارکا مجموعہ منتخب کرتے ہیں جس میں آبی وسائل سے مربوط کئ افعال ہوتے ہیں جس میں ماہی بانی، ماہی گیری، کھتی باڑی، مزدوری، پیداوار، اور خدمات وغیرہ شامل ہیں۔
مچھلی انتظامیہ میں بہت سے لوگ تکنیکی طور پرتربیت یافتہ ہوتے ہیں۔ لیکن روزگاری تجزیہ اور روزگاری نقطہ نظر پر عمل درآمد کرنے کے لیے ان کی صلاحیت میں اضافہ کی ضرورت ہوتی ہے۔

STREAM
پالیسی
اختصاریہ

www.streaminitiative.org

نمبر 2

اختصاریہ

یہ کس کے متعلق ہے؟

تجزیہ ومدد ان لوگوں کے لئے جن کا روزگار ماہی گیری اور ماہی بانی پر مشتمل ہے۔

یہ پڑھیے اگر --

ایسے پڑھیے اگر آپ ان آحداف، خطرات، وسائل اور اس ماحول کو سمجھنا چاھتے ہیں جس میں لوگ رہتے ہیں۔

اس میں شامل ہیں:

- مچھلی شعبہ کی قومی انتظامیہ کو غربت کے خاتمہ میں ایک اہم کردار کو قبول کرنا ہے۔
- صلاحیت میں اضافہ کرنا کہ ترقی کے عمل میں روزگاری نقطہ نظر و تجزیہ کی اھمیت کو سمجھ سکیں۔
- ان متبادلات کا احاطہ کرنا جو لوگ آپنے روزگار کو حاصل کرنے کے لیےاختیارکرتے ہیں، وہ وسائل جن پر وہ قدرت رکھتے ہیں، اور وہ حالات جن میں وہ اپنے روزگار سے جڑے ہوتے ہیں۔
- لوگوں کے روزگاری تناظر میں‌جن کے لیے خدمات اور پالیسی کو مرتب کیا جاتا ہے،قومی سطح پر ترقیاتی لاحہ عمل کو متعین کرنا۔
- ماہی گریروں اور کسانوں میں غربت کی وجوہات کو پالیسی ردعمل سے مربوط کرنا۔

روزگاری تجزیوں میں شراکتی آلات کو استعمال کیا جاتا ہے اور اسےاکثرمقامی لوگوں کے گروہ استعمال میں لاتے ہیں۔

روزگاری نقطہ نظر و تجزیہ کام کرنے کا ایک لچک دار طریقہ ہے جس میں‌ترجیحات مقرر کرتے وقت آبی وسائل کے نظم و ضبط کی بجائے لوگوں کو مرکز بنایا جاتا ہے۔

ہم لوگوں کے روزگار سے متعلق تجربے کو مفید تبدیلی کے لیے اختیار کرسکتے ہیں اور ہم اپنی کاوشوں کوغریب لوگوں کے آحداف حاصل کرنے کی شرح سے ناپ سکتے ہیں۔

روزگاری نقطہ نظر پر ایک اختصاریہ...

- روزگاری نقطہ نظر کا مقصد گہری سوچ پیدا کرنا ہے، ترقی کا محور لوگوں کو بنانا ہے اور لوگ کس طرح اپنے وسائل کے ساتھ منسلک ہیں اس علم کو دوسروں کے ساتھ بانٹنا ہے۔
- روزگاری نقطہ نظر ہمیںطاقت کےغیر متوازن تعلق کو پہچاننے اور اس کو بہتر کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ہم کوشش کرتے ہیں کہ صرف ایک غالب نظریہ کی بجائے کئی نظریات کو سنیں، اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ لوگوں کی معلومات اور سمجھ ہی لاحہ عمل، نظام الاوقات، میزانیہ اور کام کے طریقہ کارکی بنیاد بنے۔
- مچھلی شعبہ میں روزگاری نقطہ نظر کےزیادہ استعمال کے دو ممکن نتائج یہ ہو سکتے ہیں: ماہی گیروں اور ماہی بانوں میں غربت کی وجوہات اورنتیجتاً ان کا پالیسی ردعمل سے تعلق کو مضبوط کرنا، اور دوسرا اس کردار کو زیادہ واضع طور پر اجاگر کرنا جو آبی وسائل غریب لوگوں کے روزگار میں ادا کرتے ہیں۔
- روزگاری نقطہ نظرکے استعمال سے ہم لوگوں کے روزگار سے متعلق تجربے کو مفید تبدیلی کے لیے اختیار کرسکتے ہیں اور ہم اپنی کاوشوں کو غریب لوگوں کے آحداف حاصل کرنے کی شرح سے ناپ سکتے ہیں۔
- اگر روزگاری نقطہ نظرمقامی خدمات اور پالیسی کی تیاری میں بہتری لا سکتا ہے تو اس کے ساتھ یہ وسیع تر قومی خاکہ کی تشکیل میں بھی مدد فراہم کرتا ہے۔ اور ملکی سطح پر ترقیاتی لاحہ عمل کی تیاری میں بھی اھم کردار ادا کرتا ہے۔ (مثلاً PRSPs، CDFs اور NSSDs, نیچے دیے گیے ڈبے کو دیکھے)

روزگاری نقطہ نظر اور بین الاقوامی ذمہ داریاں....

نقطہ نمبر 21 برائے عملی منصوبہ، 1992 کے رائو ارتہ سمٹ ملکوں کویاد دلاتا ہے کہ وہ پائیدار ترقی کا قومی لاحہ عمل (NSSD) بناہیں، تاکہ ملک میں معاشی، ماحولیاتی اور سماجی پائیداری آ سکے۔

- ورلڈ بینک جامع ترقیاتی نظام العمل(CDFs) کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔
- ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف اب غربت میں کمی کا لاحہ عمل کے پیپر(PRSPs) کو قرضوں میں چھوٹ اور غربت میںکمی کے نتائج کے درمیان رابطہ کے طور پر استعمال کر رھے ہیں۔ (یہ اب ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے رعائتی قرضوں کے لیے تمام ملکوں کے ساتھ بات چیت میں مرکزی حثیت رکھتا ہے)

NSSDs،CDFs اور PARSPs، ملکی سطع پرترقی کے وہ لاحہ عمل ہیں جو روزگاری نقطہ نظر کے زریعے تیار کیے جاتے ہیں۔

ملکی سطح پر ترقیاتی لاحہ عمل تیار کرتےہوے ایشاء پیسیفک میں آبی وسائل کے نظم و ضبط کو غریب لوگوں کے روزگار میں ایک اہم کردار ادا کرنا چاھیے ۔

اس موضوع پرمعلومات اور مواد کے لیے رابطہ کا پتہ مندرجہ ذیل ہے۔

- 18 صفوں پر مشتمل ایک رہنما کتابچہ جو ترقیاتی نقطہ نظر کا موازنہ کرتا ہے۔ اسے برطانیہ کے ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی نے تیار کیا ہے۔ اس پتہ پر۔

http://www.livelihoods.org/info/guidance_sheets_pdfs/section6.pdf

- 4 صفات پر مشتمل بہتر عمل کا رھنما برائے روزگاری نقطہ نظر، صلاحیت میں اضافہ اور تجزیہ۔ اس پتہ پر۔
- http://www.streaminitiative.org/Library/bpg/index.html
- میکنگ بیسن کے زیریں علاقہ میں ماہی بانی اور روزگار: روزگاری نقطہ نظر کے نظریہ کو سمجھنا۔ میکنگ کا ترقیاتی سلسلہ نمبر 5۔ اس پتہ پر۔

http://www.streaminitiative.org/Library/pdf/pdf-india/FisheriesLivelihoodsStudy.pdf

اس کا ماخذ کیا ہے ؟

پالیسی اختصاریہ کا یہ سلسلہ علاقائی آبی وسائل کے نظم و ضبط میں مدد (سٹریم) جو ایشاء پیسفک میں ماہی بانی کے مراکز کے رابطے کے مرکز کا ایک پروگرام ہے نے تیار کئے ہیں

۔ پالیسی اختصاریہ نمبر1 کے بعد نمبر 2 ہے جو لوگوں کے تعاون کے ساتھ اور پالیسی میں رضامندانہ تبدیلی پر مشتمل ہے۔ اس میں ایف اے او کے تکنیکی تعاون منصوبہ "ایشاء پیسیفک میں بہتر نظم و ضبط کے زریعے غربت کے خاتمے میں مدد" کے تجربات پر مشتمل ہے۔ جو روزگاری نقطہ نظر و تجزیہ کو سمجھنے اور مل بنٹنے کی کوشش ہے۔ مذید معلومات کے لیےدیکھے:

www.streaminitiative.org/Library/India/india.html

اس پتہ پر رابطہ کریں : STREAM, NACA, Suraswadi Bldg, DOF Complex, Kasetsart University, Ladyao, Jatujak, Bangkok 10900 THAILAND, Fax (662) 561-1727, Tel (662) 561-1728